© rasailojaraid.com



# مسافران آخرت

ادارہ

★ چیچہ وطنی کے صحافی اور ہمارے معاون محمد حارث دانش کے والد گرامی شیخ عبداللطیف 29۔مئی ،۲؍رمضان المبارک کو انتقال فرماگئے۔

★ مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے نائب امیر میاں راشد ندیم کے والد میاں مختار احمد انتقال :3جون 2017ء

★ عدنان صفدر معاون جماعت چیچہ وطنی کے نومولود بھتیجے (راجہ عبدالمنان کے بیٹے) 5؍جون/۹رمضان المبارک کوانتقال کرگئے

★ آغا شورش کاشمیری مرحوم کی اہلیہ 5؍جون/ ۹رمضان المبارک کو لاہور میں انتقال کر گئیں ،قاری محمد قاسم اور محمد قاسم چیمہ نے مسجد شہداء میں نماز جنازہ میں شرکت کی اور جناب مسعود شورش سے مل کر احرار رہنماؤں کی طرف سے تعزیت کا اظہار کیا،عبداللطیف خالد چیمہ نے فون پر جناب مسعود شورش سے تعزیت کا اظہار کیا۔

★ مجلس احرار اسلام بستی گوڈڑی، حاصل پور کے معاون ورفیق، جناب مہر مشتاق،مہر محمد عمر کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

★ جامعۃ المنظور الاسلامیہ لاہور کے مہتمم اور ممتاز عالم دین پیر سیف اللہ خالد، ۱۸؍رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ/ 14؍جون 2017ء انتقال کر گئے۔مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد قاسم اور دیگر احرار کارکنوں کی کثیر تعداد نمازِ جنازہ میں شریک ہوئی جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے جامعۃ المنظور الاسلامیہ جا کر مولانا مرحوم کے فرزند مولانا اسد اللہ فاروق سے اظہار تعزیت کیا، قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ اور سید محمد کفیل بخاری نے بھی فون پر مولانا اسد اللہ فاروق سے تعزیت اور دعاء مغفرت کی۔

★ جامعہ حنفیہ بورے والہ کے بانی و مہتمم مولانا محمد طیب حنفی مدظلہ کی اہلیہ 3؍مئی 2017ء کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔مرحومہ،حضرت مولانا خیر محمد جالندھری نور اللہ مرقدہٗ کی پوتی ،مولانا محمد شریف جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کی بیٹی اور مولانا محمد حنیف جالندھری کی بڑی ہمشیرہ تھیں۔

★ جامعہ خیر المدارس کے ناظم مولانا عبدالمنان کی والدہ ماجدہ،انتقال :5؍مئی 2017

★ ماہنامہ الخیر ملتان کے ناظم مولانا فیاض احمد کے والد ماجد حاجی بشیر احمد رحمہ اللہ، انتقال :۲۲؍رجب ۱۴۳۸ھ/ 20؍اپریل 2017ء مرحوم، شیخ الحدیث حضرت مولانا فیض احمد رحمہ اللہ کے چھوٹے بھائی تھے۔

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ رمضان المبارک میں ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے ،حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطاء فرمائے۔



© rasailojaraid.com